01-10-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاستی کابینہ کا اجلاس چیف منسٹر ریونت ریڈی کی صدارت میں اس وقت سکریٹریٹ میں جاری ہے۔

۲۔مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ 4 اکتوبر کو کریم نگر کی پرتیما میڈیکل کالج کی سلور جوبلی تقریبات میں شرکت کریں گے۔

۳۔ریاستی گورنر شیوا پرتاپ شکلا اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے فلائی دبئی کے کیپٹن اسمتھ مچھار کی بہادری اور جرات کو سراہا ہے۔

اور

۴۔حیدرآباد کے دفتر موسمیات نے بتایا ہے کہ ریاست میں آئندہ 4 دن کے دوران موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔

Chief Minister Revanth Reddy

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے فلائی دبئی کے پائلٹ کیپٹن اسمتھ مچھار کی بہادری اور مسافروں کی سلامتی کے لئے ان کی غیر متزلزل وابستگی کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ مشکل حالات میں کیپٹن اسمتھ کی بہادری، بروقت فیصلہ سازی اور جدو جہد کا جذبہ ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور ان کی ستائش کی جائے گی۔وزیر اعلیٰ نے کیپٹن اسمتھ کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

Desk

Tummala Nageswara Rao

ریاستی وزیر تملا ناگیشور راؤ نے آج صبح خشک سالی اور ایل نینو کی صورتحال پر جائزہ اجلاس منعقد کیا۔

انہوں نے ریونیو حکام کے ساتھ تال میل کرتے ہوئے خشک سالی سے متاثرہ منڈلوں کی تجاویز تیار

کرنے کی ہدایت دی۔ سکریٹریٹ میں منعقدہ اجلاس میں وزیر نے کہا کہ بارش کی مقدار، زیر کاشت رقبہ، مٹی میں نمی، آبی ذخائر میں پانی کی سطح اور زیر زمین پانی کی دستیابی کی بنیاد پر خشک سالی کی شدت کا جائزہ لیا جائے۔انہوں نے کہا کہ صرف کم از کم امدادی قیمت کا اعلان کرنے سے مرکز کی ذمہ داری ختم نہیں ہوتی بلکہ اس بات کو یقینی بنایا جانا چاہئے کہ ہر کسان کو مقررہ امدادی قیمت حاصل ہو۔ وزیر نے ایل نینو کے پیش نظر مرکز سے مطالبہ کیا کہ جن تمام فصلوں کے لئے امدادی قیمت کا اعلان کیا گیا ہے، ان کی 100 فیصد خریداری کی جائے۔

Desk

Governor Shiv Pratap

ریاستی گورنر شیوا پرتاپ شکلا نے فلائی دبئ کے کیپٹن اسمتھ مچھار کی بہادری اور جرات کو سراہتے ہوئے کہا کہ آپ حقیقی ہیرو ہیں، آپ کو دیکھ کر ملک اور دنیا کو فخر ہے۔ دبئ۔تل ابیب پرواز کے واقعہ میں شدید زخمی ہونے کے باوجود مسافروں کی جانیں بچانے کے لئے کیپٹن کی بہادری، بروقت فیصلہ سازی اور فرض شناسی کو گورنر نے بے مثال قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ کیپٹن کی بہادری کے باعث ایک بڑے سانحہ کو ٹالا جا سکا۔ گورنر نے کیپٹن کی جلد صحت یابی اور مکمل صحت کے ساتھ دوبارہ معمول کی زندگی میں واپسی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

Desk

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے الزام عائد کیا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے رام الگ ہیں اور شیو الگ ہیں جیسے تبصرے کر کے ہندو سماج کی توہین کی ہے۔ دہلی میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ وزیراعلیٰ کے ان غیر ذمہ دارانہ بیانات پر تلنگانہ کے عوام میں شدید

ناراضی پائی جاتی ہےاورلوگ احتجاج کررہے ہیں۔انہوں نے الزام لگایا کہ 2023 میں دی گئی چھ ضمانتوں کونافذکرنے کے بجائے ریونت ریڈی راہول گاندھی کوخوش کرنے کے لئے اس طرح کے بیانات دے رہے ہیں۔

Desk

Governor

تلنگانہ کے گورنرشیو پرتاپ شکلا نے کہا کہ مہاتما گاندھی اور لال بہادر شاستری کی زندگیاں ہم سب کے لئے مشعلِ راہ ہیں۔کل ان دونوں عظیم رہنماؤں کی جینتی کے موقع پر گورنر نے انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔گورنر نے کہا کہ سچائی،عدم تشدداوررحم دلی جیسے گاندھی جی کے اصول آج بھی پوری انسانیت کے لئے تحریک کا ذریعہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ لال بہادر شاستری کی زندگی سادگی، دیانت داری اور بے لوث خدمت کی علامت تھی۔گورنر نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ان عظیم شخصیات کے نظریات سے تحریک حاصل کرتے ہوئے امن،اتحاد، حب الوطنی اور خدمت خلق کے جذبے کوفروغ دیں۔

Desk

Governor's Convocation Ceremony

تلنگانہ کے گورنرشیو پرتاپ شکلا نے طلبہ پر زوردیا کہ تعلیم کے ساتھ ساتھ وہ معاشرہ کے تئیں ذمہ داری، خدمت کا جذبہ اور عاجزی بھی پیدا کریں۔ گورنر نے حیدرآباد یونیورسٹی کے 26ویں کانووکیشن سے خطاب کیا جوگچی باولی میں واقع برہما کماریز شانتی سرووورگلوبل پیس آڈیٹوریم میں جمعرات کومنعقد ہوا۔یونیورسٹی کے چیف ریکٹر کی حیثیت سے تقریب میں شرکت کرنے والے گورنر نے دیگرمہمانوں کے ہمراہ طلبہ میں ڈگریاں اورمیڈلس تقسیم کیئے۔سابق ڈی آرڈی او چیرمین ڈاکٹر

سمیر وی کامت نے تقریب میں بحیثیت مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ گورنر نے کہا کہ طلبہ کو مصنوعی ذہانت جیسی نئی ٹکنالوجی کو اپنانے کے ساتھ ساتھ دانش مندی، ہمدردی اور دیگر انسانی اقدار کو بھی برقرار رکھنا چاہیئے۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ صرف ملازمتوں کے منتظر نہ رہیں بلکہ تخلیق کار، محقق اور صنعت کار بن کر ابھریں۔

Desk

RAMACHANDER RAO

تلنگانہ بی جے پی کے صدر این رام چندر راؤ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے عوامی نمائندہ اور حکومت کے سربراہ کی حیثیت سے 25 سال مکمل ہونے کے موقع پر 'سیوا سنکلپ ابھیان' کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ تارناکہ میں شجر کاری کے پروگرام میں شرکت کرتے ہوئے رام چندر راؤ نے کہا کہ 17 ستمبر سے 17 اکتوبر تک خون عطیہ کرنے کی مہم اور صفائی مہمات جاری رہیں گی۔ انہوں نے ماحولیاتی تحفظ کے لئے ہر فرد سے اپیل کی کہ وہ زیادہ سے زیادہ پودے لگانے کے ساتھ ان کی حفاظت بھی کریں۔

Desk

Revanth Reddy

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے سرسلہ میں منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ کے ٹی آر کے ساتھ کے سی آر، ہریش راؤ اور سنتوش راؤ کے اثاثوں پر وائٹ پیپر جاری کیا جائے۔ جلسہ سے قبل وزیر اعلیٰ نے وزرا اور کارکنوں کے ساتھ تقریباً 3 کلومیٹر پیدل مارچ کیا اور مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ ریونت ریڈی نے الزام عائد کیا کہ کے سی آر نے ماضی میں بنکروں اور تاڑی نکالنے والے مزدوروں کی مدد کرنے اور ویملواڑہ کی ترقی کے لئے 100 کروڑ روپے فراہم

کرنے کا وعدہ کیا تھا، لیکن ان وعدوں کو پورا نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس حکومت نے دس سال کے دوران 2,234 کروڑ روپے خرچ کئے جبکہ ان کی عوامی حکومت نے صرف ڈھائی سال میں 1,730 کروڑ روپے کے فنڈز جاری کئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاستی حکومت مندروں کی ترقی، 'ینگ انڈیا' اسکولوں، پولیس اسٹیشنوں کی تعمیر اور کسانوں کے قرض معافی سمیت مختلف پروگراموں پر عمل درآمد کر رہی ہے۔

CM - Byte

PTC-Sircilla

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے واضح کیا کہ آئندہ اسمبلی انتخابات میں بی جے پی کے ساتھ کوئی اتحاد نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ نظریاتی طور پر مخالف بی جے پی کے ساتھ ماضی میں بھی اتحاد نہیں کیا گیا اور مستقبل میں بھی بی آر ایس تنہا ہی انتخابات میں حصہ لے گی۔ کوچی میں منعقدہ ایک نجی میڈیا کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کے ٹی آر نے کہا کہ مرکزی حکومت کی حد بندی (Delimitation) کی پالیسی سے جنوبی ریاستوں کے ساتھ ناانصافی ہونے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ریاست میں کانگریس کی جانب سے کئے گئے 420 سے زائد وعدوں میں سے ایک بھی مکمل طور پر نافذ نہیں کیا جا سکا۔ کے ٹی آر نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ وہ صرف دہلی کے تئیں وفادار ہیں۔ کے ٹی آر نے دعویٰ کیا کہ عوام میں کانگریس کے خلاف شدید ناراضی پائی جاتی ہے اور تلنگانہ میں ایک بار پھر کے چندر شیکھر راؤ کی قیادت میں بی آر ایس حکومت اقتدار میں آئے گی۔

Desk

Amit Shah's visit

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ 4 اکتوبر کو تلنگانہ کا دورہ کریں گے۔ وہ 3 اکتوبر کی رات حیدرآباد پہنچیں گے اور ہوٹل کا کتیہ میں قیام کریں گے۔ دورہ کے دوران 4 اکتوبر کو وہ میدک ضلع کے برہمن پلی میں امول کی جانب سے تعمیر کئے جانے والے ملک یونٹ کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ اس کے بعد منعقد ہونے والے جلسہ عام سے بھی خطاب کریں گے۔ بعد ازاں امیت شاہ کریم نگر میں واقع پرتیما انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسس کی سلور جوبلی تقریبات میں بحیثیت مہمانِ خصوصی شرکت کریں گے۔

Desk

PIB

کاواڑی گوڑہ میں واقع سی جی او ٹاورز کے احاطہ میں 'سوچھتا ہی سیوا 2026' پروگرام کا انعقاد عمل میں آیا۔ 'ایک دن، ایک گھنٹہ، ایک ساتھ' شرامدان مہم میں پریس انفارمیشن بیورو (PIB) اور سنٹرل بیورو آف کمیونی کیشن کے افسران وملازمین نے حصہ لیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈائرکٹر جنرل شروتی پاٹل نے کہا کہ صفائی ستھرائی صرف ایک دن کا پروگرام نہیں بلکہ اسے روزانہ کی ذمہ داری کے طور پر جاری رکھنا چاہیے۔ انہوں نے صفائی کارکنوں کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں دستانے اور صفائی سے متعلق کٹس فراہم کیں۔ 'ایک پیڑ ماں کے نام' پروگرام کے تحت سی جی او ٹاورز کے احاطہ میں پودے بھی لگائے گئے۔

Desk

Weather

حیدرآباد کے دفتر موسمیات نے بتایا ہے کہ ریاست میں آئندہ چار روز موسم زیادہ تر خشک رہنے کا امکان ہے۔ تاہم 5 اور 6 اکتوبر کو بعض مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش ہونے کا امکان ہے، جس کے

پیش نظر یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔حیدرآباد میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران آسمان جزوی طور پر ابر آلود رہنے کی توقع ہے۔زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34 ڈگری جبکہ کم سے کم درجہ حرارت 23 ڈگری سیلسیس کے آس پاس رہنے کا امکان ہے۔

PN

Jobs

ریاستی وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت سڑکوں اور عمارتوں کے محکمہ میں ملازمتوں کی بھرتی کو ترجیح دے رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ میں 222 اسسٹنٹ ایگزیکٹیو انجینئروں کی آسامیوں پر بھرتی کے لیے تحریری امتحانات کا شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔اس کے علاوہ 466 انجینئروں کو مختلف سطحوں پر ترقی دی گئی ہے۔ان میں 208 ڈپٹی ایگزیکٹیو انجینئروں کو ایگزیکٹیو انجینئروں کے عہدے پر ترقی دی گئی۔مزید 251 افراد کو نئی پوسٹنگز بھی دی گئی ہیں۔وزیر نے کہا کہ گزشتہ دس برس سے زیر التوا ملازمتوں سے متعلق مسائل کو حکومت ایک ایک کر کے حل کر رہی ہے۔

Desk

PM-KUSUM

قابل تجدید توانائی کے شعبے میں تلنگانہ نارتھ پاور ڈسٹری بیوشن کمپنی نے ایک اہم سنگ میل حاصل کیا ہے۔کمپنی کے چیرمین و منیجنگ ڈائرکٹر کرناتی ورون ریڈی نے کہا کہ پی ایم کسم اسکیم کے تحت 18 سرکلس میں 100 میگاواٹ شمسی توانائی کی پیداواری صلاحیت حاصل کرنا ایک بڑی کامیابی ہے۔سی ایم ڈی نے کہا کہ یہ کامیابی شمسی توانائی کو ترجیح دیتے ہوئے قابلِ تجدید توانائی کے فروغ کے لئے ٹی جی این پی ڈی سی ایل کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات کی عکاس ہے۔انہوں نے بتایا کہ پی ایم کسم اسکیم کا بنیادی مقصد کسانوں کی زمینوں پر شمسی توانائی کے پلانٹس قائم کر کے شمسی بجلی کی پیداوار میں اضافہ کرنے کے ساتھ ساتھ کسانوں کے لئے اضافی آمدنی کے مواقع پیدا کرنا ہے۔

Desk

Bandi Sanjay

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ 4 اکتوبر کو کریم نگر کی پر تیما میڈیکل کالج کی سلور جوبلی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ یہ بات مرکزی وزیر مملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے بتائی۔امیت شاہ کے دورہ کے پیش نظر کالج میں جاری انتظامات کا جائزہ لینے کے بعد بنڈی سنجے نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تقریب کے لئے تمام ضروری انتظامات کئے جا رہے ہیں۔

Byte - Bandi Sanjay

PTC Karimnagar

○○